پریس ریلیز

جی ایم ایس این جی پی ایل کا گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ، صنعتی گیس مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کے صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر سے سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کے جنرل مینیجر عمران الطاف ساہی نے چیمبر میں ایک اہم ملاقات کی۔ اس ملاقات میں سابق صدر عاصم انیس، سرامکس انڈسٹری کے مینوفیکچررز، ایگزیکٹو اراکین اور چیمبر کے دیگر ممبران نے بھی شرکت کی۔

ملاقات کے دوران صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے انڈسٹری، بالخصوص سرامکس مینوفیکچررز کو درپیش گیس کے مسائل بھرپور انداز میں اٹھائے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ صنعتی گیس کنکشنز کے حصول میں شدید تاخیر، بندش اور نئے متعارف کرائے گئے اسکاڈا (SCADA) سسٹم کے تحت ہفتہ وار پیرامیٹر چیکنگ کی وجہ سے صنعت کاروں کو شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے پرزور مطالبہ کیا کہ ہفتہ وار بنیادوں کے بجائے اسکاڈا کی کیلکولیشن ماہانہ بنیادوں پر کی جائے اور نئے کنکشنز کے التوا کا فوری خاتمہ کیا جائے۔

جی ایم ایس این جی پی ایل عمران الطاف ساہی نے نو منتخب کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایس این جی پی ایل اور چیمبر کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ قطر سے آر ایل این جی (RLNG) کی سپلائی میں ملکی سطح پر پیش آنے والے مسائل کی وجہ سے نئے کنکشنز پر عارضی روک لگائی گئی تھی، جبکہ حکومت انڈسٹری کا لوڈ پورا کرنے کے لیے 18 اسپاٹ کارگوز کی خریداری کر رہی ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ چیمبر کی تجاویز کا احترام کرتے ہوئے اسکاڈا سسٹم کی چیکنگ ہفتہ وار کے بجائے ماہانہ بنیادوں پر کرنے کا معاملہ ٹیک اپ کیا جا رہا ہے، اور جیسے ہی آر ایل این جی کی سپلائی مکمل طور پر معمول پر آئے گی، تمام قانونی کنکشنز کا التوا ختم کر کے تاجر برادری کو بھرپور ریلیف دیا جائے گا۔

PRESS RELEASE

GM SNGPL Visits Gujranwala Chamber; Detailed Deliberations Held on Industrial Gas Challenges

GUJRANWALA: General Manager Sui Northern Gas Pipelines Limited (SNGPL), Imran Altaf Sahi, held an important consultative meeting with GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, and Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar at the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry. The session was attended by former President Asim Anees, ceramic industry manufacturers, executive committee members, and Chamber representatives.

During the meeting, GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge prominently raised the gas-related grievances confronting local industries, particularly ceramic manufacturers. He pointed out that severe delays in securing industrial gas connections, supply suspensions, and weekly parameter checks under the newly introduced SCADA system are causing immense hardship to manufacturers. He strongly demanded that SCADA calculations be conducted on a monthly rather than a weekly basis, and that the prolonged backlog of pending connections be cleared immediately.

Congratulating the newly elected executive team, GM SNGPL Imran Altaf Sahi remarked that SNGPL and the Chamber share an indispensable, long-standing partnership. He explained that temporary suspensions on new connections were necessitated by national-level constraints in RLNG supplies from Qatar, adding that the government is actively procuring 18 spot cargoes to meet industrial energy demands. He assured the leadership that, in line with the Chamber's constructive proposals, the matter of shifting SCADA system checks from a weekly to a monthly schedule is being actively processed. He further assured that as soon as RLNG supply chains normalize, the backlog of all legal connections will be resolved to provide substantial relief to the trading and industrial community.